سوال

(17)سورۃالنساء کی آیت اَوۡنِسَآئِهِنَّ سے کیا مراد ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سورت نساء میں درباب پردہ اَوۡنِسَآئِهِنَّ کالفظ جووارد ہے، اس سے کیا مراد ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سورہ نور رکوع (۴) اور سورہ احزاب رکوع (۷) میں جو نِسَآئِهِنَّ کالفظ وارد ہے، اس سے مسلمان عورتیں مراد ہیں، یعنی مسلمان عورتیں اپنے پوشیدہ سنگار مسلمان عورتوں کو دکھائیں، نہ کہ کافر عورتوں کو، اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو مسلمان عورتوں کے سامنے آنے میں کوئی گناہ نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الصلاۃ، صفحہ: 73

محدث فتویٰ